سوال

(237) عورت کا اذان و اقامت کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ اذان اور اقامت کہے۔ اگر عورت جنگل میں اکیلی ہو۔ یا عورتوں ہی کا اجتماع ہو تو کیا وہ یہ کام کر سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کے لیے اذان یا اقامت کہنا جائز نہیں ہے، خواہ وہ کہیں مقیم ہوں یا سفر میں ہوں۔ اذان اور اقامت ایسے اعمال ہیں جو مردوں کے لیے خاص ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی صحیح احادیث سے ایسے ہی ثابت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 225

محدث فتویٰ